Roll No __________ to be filled in by the candidate | (For all Sessions) | Paper Code | 8 | 0 | 2 | 4

اردو لازمی (معروضی) — گروپ - II — وقت: 30 منٹ — نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C,D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

**(الف) درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔**

1۔ مکران کے گورنر کا نام ------- تھا۔
(A) علی موسیٰ (B) راجہ داہر (C) محمد بن ہارون (D) محمد بن یوسف

2۔ نہرو رپورٹ پیش ہوئی:
(A) 1928 (B) 1930 (C) 1932 (D) 1934

3۔ ٹیلی گرافی کس نے ایجاد کی؟
(A) مارکونی (B) فلیمنگ (C) فنلے مورس (D) ہرٹز

4۔ غیور جنگ کا خطاب کسے تجویز ہوا؟
(A) مولانا ظفر علی خاں (B) مولوی نذیر احمد (C) مولانا حالی (D) محسن الملک

5۔ "کسی مرے ہوئے گورے کی یادگار ہے یہ" کس شاعر کا مصرع ہے؟
(A) ابن انشا (B) انور مسعود (C) سید ضمیر جعفری (D) سید محمد جعفری

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کریں۔**

6۔ جوں جوں دوا کی ------- مرض بڑھتا گیا۔
(A) تو (B) اگرچہ (C) توں توں (D) لیکن

7۔ صبح خیزی میرا معمول -------
(A) تھی (B) تھا (C) تھے (D) رہی

8۔ کامیابی اور ناکامی اللہ کے ہاتھ میں -------
(A) ہوتی ہے (B) ہوتا ہے (C) ہوتی ہیں (D) ہوتے ہیں

9۔ ضمیر نے یہ امر تجویز -------
(A) کیا (B) کی (C) کیے (D) کیں

10۔ وہ گھر نہ گیا ------- کالج چلا گیا۔
(A) کیونکہ (B) بلکہ (C) چونکہ (D) اس لیے

**(ج) درست رموزِ اوقاف کا انتخاب کیجیے۔**

11۔ وقف لازم کا دوسرا نام ہے:
(A) وقف نصف (B) سکتہ (C) وقفہ (D) رابطہ

12۔ استعجابیہ کی علامت ہے:
(A) : (B) ! (C) ، (D) :-

13۔ کسی شخص کے قول کے دونوں طرف علامت استعمال ہوتی ہے:
(A) سکتہ (B) ندائیہ (C) واوین (D) قوسین

14۔ تم کب آؤ گے ------- درست علامت کی نشاندہی کریں۔
(A) ! (B) — (C) : (D) ؟

15۔ وقفہ کی علامت ہے:
(A) ! (B) — (C) : (D) ؛

**(د) درست امدادی افعال کا انتخاب کیجیے۔**

16۔ پڑنا:
(A) وہ میرے پاؤں پڑ گیا (B) وہ بستر پر پڑا رہا (C) آپ اس جھگڑے میں نہ پڑیں (D) وہ مجھ سے الجھ پڑا

17۔ ڈالنا:
(A) آگ پر پانی ڈالو (B) صنم نے مار ڈالا (C) بات پر مٹی ڈالو (D) کنویں میں ڈول ڈالو

18۔ لگنا:
(A) میں کیسا لگ رہا ہوں (B) وہ تمہارا کیا لگتا ہے (C) تیر نشانے پر جا لگا (D) میں جا کے رہوں گا

19۔ کرنا:
(A) تم نے کچھ نہیں کرنا (B) حسد نہ کرو (C) کوئی ڈھنگ کا کام کرو (D) مجھ سے روز ملا کرو

20۔ ہونا:
(A) اسے کرونا ہو گیا (B) اس نے بنک سے قرضہ لیا ہوا ہے (C) میاں! ایسا ہی ہوتا ہے (D) شام ہو گئی ہے